میڈیا آفس
حزب التحریر
ولایہ پاکستان

بسم الله الرحمن الرحيم

﴿وَعَدَ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا مِنكُمْ وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْأَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِينَهُمُ الَّذِي ارْتَضَىٰ لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّن بَعْدِ خَوْفِهِمْ أَمْنًا ۚ يَعْبُدُونَنِي لَا يُشْرِكُونَ بِي شَيْئًا ۚ وَمَن كَفَرَ بَعْدَ ذَٰلِكَ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ﴾

حزب التحریر
Hizb ut Tahrir

جمعرات، 12 محرم، 1446ھ | 18/07/2024 | نمبر:1446/01

پریس ریلیز

# آئی ایم پروگرام کیلئے حکمرانوں نے پاکستانیوں کو گروی رکھ دیا ہے

12 ہفتہ، 13 جولائی 2024 کو آئی ایم ایف نے اپنی پریس ریلیز میں تصدیق کی کہ پاکستان اور آئی ایم یف کے درمیان 7ارب ڈالر کے امدادی (قرضہ) پیکج کی ڈیل طے ہو گئی ہے جو پاکستان کی "مائیکرو اکنامک استحکام کیلئے درکار ماحول تشکیل دینے میں مدد کرے گا۔" تاہم ابھی IMF کے ایگزیکیٹو بورڈ سے اس کی حتمی منظوری ابھی باقی ہے۔ یہ پاکستان کا 24واں آئی ایم ایف پروگرام ہے، جس پر تبصرہ کرتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف نے کہا، "یہ وہ وقت ہے کہ ہم اس امر کو یقینی بنائیں کہ یہ ہمارا آخری آئی ایم ایف پروگرام ہو۔" تاہم وزیراعظم اپنے غیر ملکی آقاؤں کی جانب سے مسلمانوں کو محض دھوکہ دے رہے ہیں۔ ایک سال قبل 30 جون، 2023 کو 23ویں آئی ایم ایف پروگرام کے سٹاف لیول معاہدے کے روز بھی شہباز شریف نے بطور وزیراعظم یہی بیان دیا تھا کہ 3ارب ڈالر کا یہ معاہدہ پاکستان کا آخری آئی ایم ایف پروگرام ہونا چاہیئے، جبکہ اس سے قبل ان کے بڑے بھائی اور 'قائد'، نواز شریف اپنے دورِ حکومت میں کشکول توڑنے کا اعلان کر چکے ہیں۔ تو کیا اب بھی کوئی ان استعماری حکمرانوں کے بیانات کو کوئی اہمیت دے سکتا ہے؟

کیا وزیراعظم عوام کو بتانا پسند کرینگے کہ اس معاہدے کی قیمت عوام کو کس شکل میں اٹھانی پڑے گی؟ کیا عوام پر ایک سال میں 40 فیصد ٹیکسوں میں اضافہ کر کے کون سی معاشی استحکام کی پالیسی نافذ کی جا رہی ہے؟ بچوں کے دودھ سے لے کر دوائیوں، دالوں سے لے کر چینی، جوتوں سے لے کر کپڑوں، تعلیم سے لے کر صحت، جانوروں کی خوراک سے لے کر پٹرول، بجلی، گیس، غرض ہر چیز پر نئے یا ٹیکس لاگو کیئے گئے ہیں یا ٹیکسوں کی شرح بڑھادی گئی ہے اور یا ان کی قیمتوں میں نیا اضافہ کر دیا گیا ہے۔ لوگوں کی آمدن پر ٹیکسوں کا اضافہ اس کے علاوہ ہے۔ ایک ایسا ملک، جہاں غربت کی

حزب التحریر آفیشل ویب پیج
http://www.hizb-ut-tahrir.org:
حزب التحریر میڈیا آفس ویب پیج
http://www.hizb-ut-tahrir.info:

ویب: www.hizb-pakistan.com انسٹا گرام: https://instagram.com/HTmediaPK ای میل: HTmediaPAK@gmail.com
فیس بک: https://Facebook.com/HTmediaPAK1 ٹویٹر: http://Twitter.com/HTmediaPAK

شرح 2023 میں ورلڈ بینک کے مطابق 40 فیصد ہے، وہاں پر خرچ (consumption) کم کرنے اور ڈیمانڈ کنٹریکشن کی آئی ایم ایف کی پالیسی کا نتیجہ تو خودکشیوں، بھوک، افلاس اور بنیادی ضروریات پر کمپرومائز کس شکل میں ہی نکلے گا، جبکہ ملک میں مؤثر سوشل سیکیوریٹی نیٹ ورک بھی موجود نہیں۔ ہمارے حکمران اور پالیسی میکر اس امر سے بخوبی واقف ہیں، لیکن وہ روم کو جلتے دیکھ کر اپنی بانسری بجانے میں مگن ہیں، کیونکہ انھوں نے اپنے لئے بجٹ میں جاری اخراجات (Current expenditure) میں دو سالوں میں تقریباً سو فیصد اضافہ کرلیا ہے۔

آئی ایم ایف استعماری ادارہ ہے۔ وہ نیولبرل اکنامک پالیسیوں کے ذریعے دنیا بھر میں ڈالر کی بالادستی کو برقرار رکھتا ہے، اور ترقی پذیر ممالک کو ترقی سے روکنے اور آزاد معاشی پالیسی اختیار کرنے سے روکنے کیلئے عالمی آرڈر کے مختلف اسالیب استعمال کرتا ہے۔ آئی ایم ایف ان ممالک کو عالمی طاقتوں کی معیشتوں کی سپلائی چین میں محض ایک چھوٹا پرزہ بننے تک محدود کرتا ہے، خواہ اس کا نتیجہ اس ملک کے عوام کی معاشی تباہی اور سیاسی غلامی کی صورت میں نکلے، بلکہ یہی تو اس کا مقصد ہے۔ جو معاشی استحکام 23 آئی ایم ایف پروگراموں سے نہیں آیا، وہ 24ویں سے بھی نہیں آئے گا۔ مسلمانوں کیلئے واحد وے فارورڈ خلافت کے قیام کے ذریعے مسلم دنیا کی وحدت ہے۔ یہ اقدام اکیلے ہی ہمیں دنیا کی بڑی معیشت میں بدلنے اور ہماری خودمختاری کے حصول کا باعث بن جائے گا۔ مسلم دنیا کے وسائل ہمیں بڑی طاقتوں سے بے نیاز کرنے اور دنیا کی سیاست میں اہم کردار ادا کرنے کے قابل بناتے ہیں۔ تو اے افواج پاکستان! امت کی اس بے بسی کا تماشا دیکھنا بند کرو۔ آگے بڑھو، اور حزب التحریر کو خلافت کے قیام کیلئے بیعت دے کر امت کی صورت حال میں جامع تبدیلی کیلئے قدم بڑھاؤ۔ اللہ سبحانہ و تعالیٰ نے فرمایا: ﴿ وَ مَنْ أَعْرَضَ عَنْ ذِكْرِي فَإِنَّ لَهُ مَعِيشَةً ضَنْكاً ﴾ **"اور جو کوئی اللہ کے ذکر (قرآن) سے اعراض کرے گا، تو اس کی معیشت تنگ ہو جائے گی۔"** [سورۃ طہ، 20:124]

**ولایہ پاکستان میں حزب التحریر کا میڈیا آفس**